اکتوبر 2023


# دی ماڈل

پشاور ماڈل گرلز ہائی سکول ورسک روڈ/حیات آباد کیمپس کا ماہنامہ


مدیرہ: سدرۃ المنتہیٰ
معاون مدیرہ: عاصمہ بی بی (معلّمہ)
ردا وحید (دہم ۔ جی)
ورسک کیمپس



GIRLS-III



GIRLS HAYATABAD


GIRLS -V


SWABI


SHABQADAR


MARDAN


CHARSADDA


NOWSHERA

## ادار یــــہ!

السلام علیکم عزیز طالبات!

صفائی اور پاکیزگی ہمارے ایمان کا جز ولاینفک ہے۔اس کے بغیر کوئی بھی عبادت قبول نہیں ہوسکتی۔حدیث مبارکہ کا مفہوم ہے۔''صفائی نصف ایمان ہے۔'' صفائی ستھرائی انسان کو بہت سی بیماریوں سے محفوظ رکھتی ہے۔لہٰذا ہمیں اپنے جسم،لباس، کمرے اور گھریلو سازوسامان کو صاف رکھنا چاہیے تاکہ آلودگی اور تعفن زدہ ماحول سے بچ سکیں۔

میعاد اول کے امتحانات کا آغاز ہونے والا ہے۔خوب دل جمعی سے مقررہ نصاب کی تیاری کریں اور اپنی قابلیت کے بل بوتے پر کامیابی حاصل کریں۔

دعا ہے کہ اللہ آپ کے ذہنوں کو علم کی روشنی سے جِلا بخشے اور کامیابی آپ کا مقدر ٹھہرے۔

دعا گو اور خیر اندیش
مدیرہ سدرۃ المنتہیٰ

## ''جوانوں کو میری آہِ سحر دے''

جس قوم کے نوجوان بیدار و باشعور ہوں اُس قوم کا مستقبل محفوظ ہوتا ہے جبکہ اس کے برعکس جس قوم کے نوجوان غیر فعال اور تن آسانی کے مرض میں مبتلا ہوں وہ قوم کبھی آگے نہیں بڑھ سکتی۔ نوجوانوں کا فعال کردار ہی قومی ترقی کا ضامن ہے اور نوجوان نسل ہی صحیح معنوں میں کسی قوم کی افرادی قوت ہے۔قائداعظم نے نوجوانوں کو قوم کا مستقبل قرار دیتے ہوئے ''کام،کام اور کام''،ایمان،اتحاد،تنظیم'' کے سنہری اصول عطا کیے۔علامہ اقبال نے نہ صرف شاعری میں جابجا براہ راست نوجوانوں کو مخاطب کیا بلکہ اپنی شاعری کا قابل ذکر حصہ نوجوانوں کے لیے مختص کیا۔معاشرے کی اصلاح کے لیے نسل نو کی اصلاح بے انتہا ضروری ہے۔

اکیسویں صدی کو عموماً ٹیکنالوجی کے دور سے موسوم کیا جاتا ہے۔اگرچہ جدت کے ساتھ ساتھ ہمارے معیارات اور ترجیحات میں بھی نمایاں تبدیلیاں واقع ہوئی ہیں لیکن اس کا سب سے زیادہ اثر نوجوان طبقے پر ہوا ہے۔اکیسویں صدی کا نوجوان نہ صرف کاہل اور تن آسان واقع ہوا ہے بلکہ ذہنی وفکری طور پر بھی نہایت پستی کا شکار ہے۔آج کے نوجوان کے شب وروز کے معمولات میں بزرگوں کی قربت ،بہن بھائیوں کے ساتھ گپ شپ اور کھیل کود اور کسی تخلیقی کام کے لیے کوئی جگہ نہیں ہے بلکہ تمام تر وقت انٹرنیٹ اور میڈیا کے کثرت سے استعمال سے ضائع کیا جارہا ہے۔ ملکی اور بین الاقوامی حالات سے یکسر لاعلمی اور بے خبری،مطالعہ کتب سے دوری،اخبار بینی میں عدم دلچسپی ،ثقافت وروایات سے انحراف آج کے نوجوان کا خاصہ ہے۔

نوجوانوں کی تربیت کی بڑی ذمہ داری والدین پر بھی عائد ہوتی ہے لیکن افسوس! آج کے والدین بھی اس ذمہ داری سے صحیح معنوں میں عہدہ برآ نہیں ہو پا رہے۔والدین نہ صرف اولاد کے مغربی طرز حیات پر شاداں ہیں بلکہ باقاعدہ حوصلہ افزائی کرتے ہیں۔محنت، جدوجہد،صداقت اور خلوص سے روشناس نہ کروا کے اپنے پاؤں پر خود کلہاڑی مار رہے ہیں۔آج کا نوجوان اپنے سامنے کوئی واضح نصب العین نہ ہونے کے باعث منزل کا تعین کیے بغیر شتر بے مہار کی مانند زندگی بسر کررہا ہے، پندونصائح کو وبال جانتا ہے،ستاروں پر کمند ڈالنے کی بجائے پاکستان کے حالات کو کوس کر اپنا فرض ادا کررہا ہے۔قدرتی وسائل سے مالا مال اپنے ملک کو دوسروں کے ہاتھوں میں کھلونا بنتے دیکھ کر تماشائیوں کی طرح لب بستہ ہے۔

مغلیہ دورحکومت کے زوال کا سبب بھی تن آسانی اور عیش کوشی تھی لیکن ہم نے ان سے بھی کوئی سبق نہ سیکھا جبکہ مشرقی پاکستان ،بنگلہ دیش الگ ہوتے ہی اپنی ترقی کے لیے کوشاں ہو گیا اور ملک کو ترقی کی راہ پر ڈال کر دم لیا۔ترقی کی راہ پر وہی لوگ کامزن ہوتے ہیں۔جو محنت کو اپنا شعار بناتے اور تاریخ اپنے نام کر دیتے ہیں ابھی ابھی وقت ہے جاگ جائیے۔اپنے ملک کو ہر طرح کے معاشی اور معاشرتی بحران سے نکالنے کے لیے متحد ہو جائیں۔اپنی عادات اور حالات میں سدھار لے آئیں تاکہ ملکی بقا و سلامتی قائم رہے۔

عزیز طالبات! نہ صرف سچے من سے تعلیم حاصل کریں بلکہ دینی تعلیمات کو اپنا اوڑھنا بچھونا بناتے ہوئے اپنی روح کو معطر کریں تاکہ سرتاپا آزاد اسلامی ملک کے باشندے بن سکیں جو گلے شکووں کا خوگر نہیں ہوتا بلکہ محنت کو اپنا دین ایمان بناتے ہوئے اندھیرے میں بھی راستے تلاش کر کے ملک کو نئی روشنیوں سے روشناس کرواتا ہے۔ شکریہ

عمرانہ شاہین پرنسپل ورسک روڈ کیمپس


Observing Peace Day
Warsak Road, Campus


Award Ceremony For Toppers
of SSC & CAIE Exam 2023
Warsak Road, Campus


Recycling Activity
Warsak Road Campus

## نعتیہ مسابقہ ۱۴۴۵ء





پشاور ماڈل گرلز ہائی سکول ورسک روڈ کیمپس میں پرنسپل محترمہ عمرانہ شاہین کی سرپرستی میں اسلامک سوسائٹی کی منتظمین کی جانب سے بین المدارس کی سطح پر ''نعتیہ مسابقہ'' کا اہتمام کیا گیا جس میں پشاور ماڈل گرلز سکول کی مختلف برانچز سے نعت خوان طالبات نے شرکت کی اور شاہ کونین، امام الانبیاءؐ کے حضور نذرانہ نعت پیش کیا۔ان برانچز میں صفیہ ہومز کیمپس، حیات آباد کیمپس، ناصر باغ کیمپس گرلز V اور گرلز III شامل تھیں۔منصفین کے فرائض فرنٹیئر ماڈل گرلز ہائی سکول کی محترمہ رمشا (آل پاکستان نعتیہ مقابلے کی فاتح) اور محترمہ فاطمہ (حافظ قرآن) نے انجام دیے۔نعتیہ مسابقہ میں اول انعام گرلز V کی وردہ نور، دوم انعام گرلز I کی مناہل جان اور سوم انعام گرلز V کی بی بی فاطمہ نے حاصل کیا

وہ رحمۃ للعالمین جس کے لیے بزم ہستی سجائی گئی، دنیا کو زیب و زینت عطا کی گئی
صفحہ عالم کو دلہن کی طرح سجایا گیا اُن کی آمد مرحبا!
وہ ''الف'' سے احمد اور امین وہ ''ب'' سے بہار خُلدِ بریں





## صبر

’’صبر صفا اور مروہ کے درمیان پہاڑی علاقے کا نام ہے۔ اپنے مزاج اور پسند کے خلاف کسی بھی بات یا عمل کو بغیر شکایت کیے برداشت کرنا صبر کہلاتا ہے۔ جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں ارشاد فرمایا:۔

اِنَّ اللّٰہَ مَعَ الصّٰابِرِیْنَ ’’بے شک اللہ تعالیٰ صبر کرنے والوں کے ساتھ ہے۔‘‘

رسول ؐفرماتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ
’’جب میں کسی مومن بندے سے اس کی محبوب چیز اس دنیا میں اٹھالیتا ہوں
اور وہ ثواب کی نیت سے صبر کرے تو اس کا بدلہ جنت ہے۔‘‘
صبر ایک ایسی سواری ہے جو اپنے سوار کو کبھی گرنے نہیں دیتی۔
نہ کسی کے قدموں میں نہ کسی کی نظروں میں

لنتا گل (دہم۔جی) ورسک روڈ کیمپس




سرکارِ دو عالم ﷺ کے ہجرت مدینہ سے ہی مسلمانوں نے اپنے اسلامی کیلنڈر کا آغاز کیا ہجرت کا پہلا سال ہی یکم ہجری کہلایا۔ اب مسلمان دوسرے سال میں داخل ہوئے۔ سن ۲ ہجری میں اِس نئے دین سے آشنا ہونے والے مسلمانوں کو بہت بڑے انقلاب سے گزرنا پڑا۔ آپؐ جب مکہ سے مدینہ ہجرت فرما کر تشریف لائے تو مشرکین کا قبلہ تو کعبہ (بیت اللہ) ہی تھا لیکن اہل کتاب یعنی یہود و نصاریٰ کا قبلہ بیت المقدس تھا۔ جب آپؐ حرم میں نماز پڑھتے تو بیت اللہ اور بیت المقدس دونوں کی طرف ایک ساتھ رُخ کرنا ممکن تھا لیکن مدینہ کے اندر اجتماع قبلتین مشکل ہو گیا تھا۔ کیونکہ یہاں سے کعبہ جنوب میں تھا اور بیت المقدس شمال میں لہٰذا آپؐ نے بیت المقدس کو ہی اپنا قبلہ اختیار کیا۔ سرکار دو عالمؐ کی دلی خواہش تھی کہ ہمیشہ کیلئے قبلہ بیت اللہ ہی مقرر ہو۔ آخر کار آدھا سال گزرنے کے بعد اللہ تعالیٰ نے آپؐ کی اس خواہش کے احترام میں وحی نازل فرمائی اور تا قیامت بیت اللہ تمام مسلمانوں کا قبلہ مقرر ہوا۔ (قد نری تقلب و جھک فی السماء) یہ کوئی معمولی حکم نہ تھا بلکہ اِس حکم کے نازل ہونے کے بعد یہودی سخت برہم ہوئے پہلے وہ نہایت فخر سے کہتے تھے کہ پیغمبر اسلام بھی الٰہی کے قبلہ کی طرف رُخ کر کے نماز پڑھتے ہیں اب جب تبدیلی کا حکم آیا تو یہ مشہور کرنے لگے کہ چونکہ محمد ﷺ ہر بات میں ہمارے مخالف ہیں لہٰذا انہوں نے قبلہ بھی مخالف کر ڈالا اِس حکم کی اصل حقیقت یہ تھی کہ قبلہ ایک مخصوص علامت ہے جس نے مسلمانوں کو باقی اہل کتاب سے الگ کر دیا تحویل قبلہ کا یہ حکم شعبان کے مہینہ میں نازل ہوا۔ (جاری ہے)

معلّمہ سائرہ گل شعبہ اسلامیات

## کچھ پل ہنسی کے نام!

۱) ایک حکیم جب بھی قبرستان سے گزرتے تو اپنا منہ چھپا لیتے لوگوں نے حکیم سے اس کا سبب پوچھا تو حکیم شرم سے بولے ’’یہ سب میرے علاج کی بدولت ہی مر گئے ہیں۔‘‘

۲) پہلا آدمی: ’’بھئی آج طبیعت ٹھیک نہیں، ہر چیز دو نظر آ رہی ہے‘‘
دوسرا آدمی ایک ہزار کا نوٹ دیتے ہوئے ’’یہ لو دو ہزار جو میں نے تم سے پچھلے مہینے لیے تھے۔‘‘

۳) احمد علی سے: ’’تم نے گانے کی مشق کیوں چھوڑ دی؟‘‘
علی احمد سے: ’’اپنے گلے کی وجہ سے‘‘
احمد: ’’کیوں! تمہارے گلے کو کیا ہوا؟‘‘
علی: ’’کچھ نہیں بس پڑوسیوں نے گلہ دبانے کی دھمکی دی ہے۔‘‘

۴) دو میاں بیوی ریل میں سفر کر رہے تھے کہ اچانک بیوی نے شوہر سے کہا: ’’ارے! میں تو چولہا بجھانا ہی بھول گئی ہوں کہیں گھر میں آگ نہ لگ جائے۔‘‘
شوہر: ’’گھبراؤ مت میں بھی اتفاق سے نل بند کرنا بھول گیا ہوں۔‘‘

۵) ایک بے وقوف: یہ ڈاکٹر آپریشن سے پہلے مریض کو بے ہوش کیوں کر دیتے ہیں؟
دوسرا بے وقوف اس لیے کہ مریض آپریشن کرنا نہ سیکھ لے۔‘‘

زینب احمد (ہفتم۔اے) ورسک روڈ کیمپس

## ’’داستان بغاوت‘‘

زور ہتھیار پر قائم خدائی کی نمائش کرتے ہیں
نہ پوجوں ان کو تو باغی قرار پاتا ہوں
بیان حق پر طوقوں میں جکڑا جاتا ہوں
نعرہ تکبیر بلند کروں تو باغی قرار پاتا ہوں
کلمہ توحید پر مبنی سیاست میں، میں
ذکر خدا کروں تو باغی قرار پاتا ہوں
خون مظلوم دیکھ کر بے قرار ہو جاتا ہوں
للکار انصاف بلند کروں تو باغی قرار پاتا ہوں
شمع اسلام کہتے ہیں خود کو اہل قارون
نور اسلام آشکارہ کروں تو باغی قرار پاتا ہوں
روشن ہو جاتا ہے زندان نور ایمان سے
نہ خوف رہے تاریکی کا تو باغی قرار پاتا ہوں
اگر آواز حق کو بغاوت قرار دیتے ہو
تو اب ہم بھی ازدحام بغاوت تیار پاتے ہیں
نام دے دیا تحریک آزادی کو بغاوت تم نے
تو اب ہم بھی باغی قرار پاتے ہیں
جفا کار کو تنویر بغاوت سے جلا کر
ہم بھی فاتح بغاوت قرار پاتے ہیں

(بقلم خود) (عرشیہ نادر خان)
(دہم۔اے) ورسک روڈ کیمپس

## ضرب المثل کہانی

ضرب المثل: ’’ٹیڑھی کھیر ہے!‘‘
مطلب: مشکل کام ہے / سر پر مشکل کام آ پڑنا

**کہانی:۔**

ایک شخص نے کھیر پکائی تو سوچا اللہ کے نام پر کسی فقیر کو بھی تھوڑی سی کھیر دے دینی چاہیے۔ اُسے جو پہلا فقیر ملا وہ اتفاق سے نابینا تھا اور اس فقیر نے کبھی کھیر نہیں کھائی تھی۔ جب اس شخص نے فقیر سے پوچھا ’’کھیر کھاؤ گے‘‘
فقیر نے سوال کیا: ’’کھیر کیسی ہوتی ہے؟‘‘
اس شخص نے جواب دیا: ’’سفید ہوتی ہے۔‘‘
اندھے فقیر نے پوچھا: ’’سفید رنگ کیسا ہوتا ہے؟‘‘
اس شخص نے جواب دیا: ’’بگلے کی طرح ہوتا ہے؟
فقیر نے پوچھا: ’’بگلا کیسا ہوتا ہے؟
اس پر اس شخص نے ہاتھ اٹھایا اور انگلیوں اور ہتھیلی کو ٹیڑھا کر کے بگلے کی گردن کی طرح بنایا اور بولا: ’’بگلا ایسا ہوتا ہے۔‘‘ نابینا فقیر نے اپنے ہاتھ سے اس شخص کے ہاتھ کو ٹٹولا اور کہنے لگا ’’نہ بابا یہ تو ٹیڑھی کھیر ہے۔ یہ گلے میں اٹک جائے گی میں یہ کھیر نہیں کھا سکتا‘‘

سیدہ عریشہ (اولیول۔III) ورسک روڈ کیمپس

## پانی نعمت ہے

خدارا! پانی کو احتیاط سے استعمال کیجئے!
پانی ہے نعمت اُس رب کریم کی
اُس کو ضائع کرنا ہے گناہ یہ جان لیجئے!
ایسا نہ ہو کہ بوند بوند کو انسان ترسے یہاں
خدارا! آنے والے وقتوں میں یہاں کربلا نہ بنایئے!
بوند بوند مل کر طویل دریا بنتا ہے
اس بوند کو ضائع ہونے سے بچایئے۔

جویریہ علی خان (دہم۔اے)
ورسک روڈ کیمپس

## پاکستان سے متعلق چند دلچسپ حقائق

۱) پاکستان کا پہلا سکہ 3 جون 1948 کو جاری ہوا۔
۲) پاکستان میں بننے والے پہلے ٹریکٹر کا نام ’’باغبان‘‘ ہے۔
۳) پاکستان میں بننے والے پہلے بحری جہاز کا نام ’’العباس‘‘ ہے۔
۴) انسانوں کا بنایا ہوا دنیا کا سب سے بڑا مصنوعی جنگل پاکستان میں موجود ہے جو کہ چھانگا مانگا کے نام سے جانا جاتا ہے۔
۵) دنیا کا سب سے بڑا قبرستان پاکستان کے شہر ٹھٹھہ میں ہے۔



فریال ظاہر (ہفتم۔ایس) ورسک روڈ کیمپس

## ’’خلفائے راشدین کی عظمت غیر مسلموں کی نظر میں‘‘

۱۹۴۷ء میں انڈیا میں کانگرس گورنمنٹ بنی گاندھی نے اپنے وزیروں کو سادہ زندگی گزارنے کا مشورہ دیتے ہوئے کہا ’’میں رام چندر اور کرشن جی کا حوالہ نہیں دے سکتا کیونکہ وہ تاریخی ہستیاں نہیں تھیں میں سادگی کی مثال کے لئے حضرت ابوبکرؓ اور حضرت عمرؓ کے نام پیش کرتا ہوں وہ بہت بڑی سلطنت کے حاکم تھے لیکن انہوں نے فقیروں والی زندگی گزاری۔

ایلاف (ششم ایس) حیات آباد کیمپس

## ننھے حافظ کی حاضر دماغی!

ایک قاری صاحب حفظ کے بچوں کا ٹیسٹ لینے آئے۔ ٹیسٹ کے لیے آنے والے پہلے بچے کا نام پوچھا: کہنے لگا: یوسف، کہا سورۂ یوسف سناؤ۔ دوسرے کی باری آئی تو وہ یونس تھا اس سے سورۂ یونس سنی۔ تیسرے کا نام عمران تھا کہنے لگا استاد جی! نام تو میرا عمران ہے مگر لوگ مجھے پیار سے کوثر کہتے ہیں۔

ثناء جاوید (دہم۔جی) ورسک روڈ کیمپس


## فن پارے




جویریہ اسفندیار (دہم۔ڈی)
ورسک روڈ کیمپس



ایلاف عزیز (ششم۔ایس)
حیات آباد کیمپس



اُمامہ رحمان (پنجم۔آر)
حیات آباد کیمپس




دُرخانے (ہشتم۔ایم)
حیات آباد کیمپس




علیشا جواد (ہشتم سی)
ورسک روڈ کیمپس



زلہ سیف (ششم۔آر)
ورسک روڈ کیمپس



اُمامہ احمد (ششم۔ایس)
حیات آباد کیمپس



سیدہ ماوا عثمان (دہم۔ایس)
ورسک روڈ کیمپس

# THE MODEL


## MONTHLY NEWSLETTER OF

**PESHAWAR MODEL GIRLS HIGH SCHOOL WARSAK ROAD / HAYATABAD CAMPUS**


**OCTOBER 2023**

Editor: Rabia Ajmal
Co-Editor: Zubia Salah uddin
Asna Syed (O-III)
Warsak Road, Campus


BOYS -I



BOYS -II


BOYS -III


BOYS -IV


BOYS -V


HAYATABAD BOYS CAMPUS


GIRLS -I


GIRLS -II


**Oath Taking Ceremony Hayatabad Campus**


**Award Ceremony For Toppers of SSC Exam 2023 Hayatabad Campus**


**Recycling Activity Hayatabad, Campus**

## EDITORIAL

Hello readers, wish you all a happy, healthy, and safe month of October 23. 5th October is the day that celebrates the pious relationship between students and teachers. Yes! world Teacher's day is celebrated annually on 5th of October around the globe to honor and appreciate teachers for their contribution towards students. Teaching is considered as one of the noblest professions as it contributes in great, giving educated population to the world. Teachers are the one's who choose their career to spread knowledge and wisdom. Only educated work forces can upbring the nation to the developed stage. They are often the second mothers to students as they do not merely teach the students about lessons in text books, but mold a child into a socially responsible person. Teachers are the only people who inspire millions of students through generations and also give life transforming tips to pave the path of light. So, happy teachers day to all the bright, hardworking, and dedicated teachers.

24th October, celebrated as United Nation day marks the anniversary of the entry into the United Nations charter on 24th October 1945. The United Nations works for the entire human family and cares for the earth, our one and only home. The mission of UN is to maintain international peace and security, and to protect human rights.

## A Proud Moment






We 're incredibly pleased to share that our student Eshal Khan of PMS Warsak Road, Campus has been selected as a recipient of the Kennedy-Lugar Youth Exchange and study (YES) program (2023-2024) to the United States of America to nourish and embrace her qualities. We hope that she will take advantage of this incredible opportunity for learning and personal growth in a new country and culture. Congratulations to Eshal Khan, her parents and the entire School Staff. Heart felt gratitude to Kennedy-Lugar Youth Exchange and study (Yes) Intercultural Programs for the support and such opportunities for our students.



## "Global Warming"

Scientists have observed that the entire earth is warming up. Infact, many of the warmest years on record have happened in the past 20 years. This rise in global temperature is called global warming. The earth is getting warmer day by day because human activities such as the destruction of forests and burning fuels, create extra greenhouse gases like carbon dioxide that have accumulated in the earth's atmosphere.

Pakistan is the most affected country by global warming. The glaciers in north are melting down. The sea level is going to rise and consequently seasonal rains and strong floods are coming washing out the whole villages and agricultural lands. People will lose their lives and lands.

In order to stop all this, we have to control the burning of fuels in factories and vehicles to cease the production of carbon dioxide. Thus, it's necessary to grow plants to keep the environment clean and healthy.

**Wareesha Iqbal O Level-II (lotus) Warsak Road, Campus**



The Career Counselling Session aims to provide guidance and inspiration to the students as they embark on their journey towards shaping their future careers. Peshawar Model Girls High School arranged a career counseling session for their students on 23th September 2023. The guest speakers were alumnae, who have excelled in their respective fields provided valuable knowledge about their areas of expertise.

Ms. Ghazal Mairaj, a proud graduate of 1996, currently holds the position of Senior Research Officer at the Agriculture Research Center.

Ms. Mairaj's presence highlighted the vast career possibilities in the field of agriculture research, encouraging students to explore this domain beyond the conventional career paths. Another accomplished alumna,

Ms. Fatima Salahuddin, who graduated in 2007, now serves as the Director of Physical Education at KPE&SE. Her talk underscored the significance of physical education and sports-related careers, emphasizing the demand for professionals in this sector.

Ms. Nawal Khattak, from the batch of 2009, currently works as a Monitoring and Evaluation Assistant Officer at the Higher Education Regulatory Authority. She shared insights into the realm of education regulation, stressing the importance of contributing to the enhancement of educational quality.

In addition to our esteemed alumnae, we were honored to have Dr. Laraib, a distinguished Pulmonologist also joined us. Dr. Laraib specializes in respiratory medicine and has made significant contributions to the field of healthcare. Her presence at the session was especially meaningful as she shared her journey from our institution to becoming a respected medical professional. Dr. Laraib's insights into the medical field and the importance of considering healthcare careers left an enduring impression on our audience. The session provided valuable takeaways and inspired attendees to consider diverse career paths. We express our heartfelt gratitude to our esteemed guest speakers.

PESHAWAR MODEL GIRLS HIGH SCHOOL
WARSAK ROAD / HAYATABAD CAMPUS
THE MODEL
October 2023

# FIVE SURVIVE

"Five survive" is a thriller Mystery book written by Holly Jackson. This book is about an eighteen year old Red and her friends who are on a road trip in a RV, heading to the beach for spring break. It's a long drive but spirits are high until the RV breaks down in the middle of nowhere. There's no mobile phone reception and nobody is around to help and as the wheels are shot one by one the friends realize that this is no accident. There is a sniper out in the dark watching them and he exactly knows who they are as one of the friends has a secret that the sniper is willing to kill for.

Fatima Zahra IX-A
Warsak Road, Campus

# Power of Quran

1 ) Surah Yaseen :
ALLAH will grant all our wishes.
2 ) Surah Rehman
Brings glow on the face.
3 ) Surah Waqia
Releases us from hunger
4 ) Surah AL-Mulk
saves us from the difficulties of grave
5 ) Surah Sajda
will speak up in our favor on judgement day.



Javeria Ali Khan X-A
Warsak Road, Campus

# THE MUGHAL EMPIRE

The mughal Empire was the Empire of South East Asia between the 16th and 19th centuries. It stretched across the Indian sub-continent and later, after the death of its third ruler, Akbar, the Empire had extended to Afghanistan to bay of Bengal and modern day Gujrat. This Empire started with Babur as its first ruler and was ended with Bahadur Shah Zafar as its last ruler. Their graceful flag consisted of a lion and a sun as the hoist of the flag and the base was primary moss green with a touch of white. During their rule, the prominent structures of Indian Subcontinent were Taj-mahal, Agra fort, Sheesh Mahal, Badshahi Mahal and many more. Their army consisted of no less than 40 lakh competent soldiers and they were regarded as one of the greatest powers of mughal era. Sadly, the empire was demolished by the invading britishers and the incompetent rulers.

Maha Syed (IX-M)
(Hayatabad Campus)

# Use Digital World Safely And Securely



In today's digital age, navigating the vast expanse of the online world has become an essential skill. However, it's crucial to prioritize online safety and privacy by protecting personal information, using strong and unique passwords, and being cautious about sharing sensitive data. It's also important to think critically before clicking on links or downloading files to avoid falling victim to scams or malicious software. Staying informed about privacy settings and further updating them regularly can enhance your online safety. We can fully embrace the benefits of the digital world while safeguarding our personal information and digital well being.

Kashmala Khattak (O-II (lily)
Warsak Road, Campus

# Why Education is Important for Women



Education provides us with the skills to make ourselves capable of offering services to other and earning a livelihood. If women become educated and earn for themselves, then they don't have to depend on their family for anything. This builds their confidence and makes them take their decision on their own. Infact, the Quran clearly states that women have equal right to acquire knowledge or be educated to assume the status of righteous people due to their possession of knowledge and understanding that leads to the obedience of Allah in all aspects of life. It's important for women to get a quality education, the same way as men because "Women will be responsible for teaching and grooming the younger generation." If a mother is not well educated or doesn't have a will to teach her kids, chances are, the kids will also remain uneducated.

Aima Aali Qureshi (IX-A)
Warsak Road, Campus

# Life is a Prison for a Believer

This world is indeed a dreamy lie, and is a prison for the believers, as he/she is not free to do what they please. They have to please Allah. A person who is not looking forward to meet his Lord would spend every moment trying to maximize his enjoyment here. But the believer knows, no happiness is ever lasting here. The life of this world is nothing but a play and an amusement and the life in the here after is best for those who are mindful of their lord.

# 8 Facts About House Fly



1: Fly's scientific name is "Musca domestica"
2: Flies see the world in a slow motion
3: Files cannot see at night.
4: They don't die if they separate their head from thorax.
5: They can taste with their feet.
6: Files can see a 360 (Degree) Field of view
7: House Files can walk upside down.
8: House Files do not chew.

Khansa Sehoaj (V-S)
Warsak Road, Campus

# RIDDLES

1: What can't talk but will reply when spoken to?
2: The more of this there is, the less you see what is it?
3: I shave everyday, but my beard stays the same?
4: I have branches, but no fruit, trunks or leaves?
5: What is always in front of you but can't be seen?
6: What is full of holes but still holds water?

1: An echo  2: Darkness  3: A Barber
4: A Bank  5: Future  6: A Sponge

Haiqa Sajjad (VI-P)
Warask Road, Peshawar

# Power of Prayer

1: Try not to miss salah because if you miss Salah you lose everything in your life.
2: The one who performs Fajr prayer early morning will be under lord's protection from all kind of evils.
3: Salah is a form of showing our love to Allah as He doesn't need our Sajda. It is we who need Him everytime.
4: A man asked Prophet Muhammad (S.A.W) peace be upon what kinds of deeds are best in the sight of God.
He replied prayers on time. (Sahih Bukhari)
5: Sins take you away from Allah. Salah takes you back to Allah.
6: Prayers is an amazing exchange. You hand over your worries to Allah & Allah hand over His blessings to you.
7: Fajr, Dhur, Asr, Maghrib, Isha & Tahajjud are the recipe of success.
8: Take Time to make time for the One Who made time.
9: The dua of tahajud is like an arrow which does not miss its target. (Imam Shafie)
10: A muslim in sujood is stronger than a king on his throne.
11: Allah has time to listen: Do you have to pray?

Rida Waheed (X-G)
Warsak Road, Campus

# WORD SEARCH

| | | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| C | Z | X | G | S | A | H | Q | C | A | R | D | S | R |
| B | A | L | L | O | N | S | G | A | B | C | E | M | I |
| I | H | K | W | Q | Z | R | A | N | S | T | C | J | B |
| P | U | P | E | X | U | O | M | D | S | A | O | R | B |
| Y | G | I | F | T | S | A | E | E | W | V | R | F | O |
| B | W | S | N | O | A | U | S | L | E | T | A | I | N |
| P | A | R | T | Y | P | O | P | P | E | R | T | M | S |
| E | K | N | C | A | P | S | D | R | T | D | I | A | B |
| V | B | I | R | T | H | D | A | Y | S | H | O | N | L |

## SEARCH

1) Cake  2) Balloons  3) Gifts  4) Caps  5) Ribbons
6) Birthday  7) Party popper  8) Candles  9) Games  10) Cards
11) Sweets  12) Decorations

Warda Waqas (VIII-B)
Warsak Road, Campus

# Positive Minded



Its a mental & emotional attitude which leads you to focus on bright side & positive aspects of life. For instance, you are optimistic about the world around you, and you think good things will happen to you. Positive minded people are energized by their possibilities, rather than being stuck in their limitations. They are not fooled to think that there is a perfect solution to every problem and are confident that there are many solutions & possibilities. Positive thinking leads one to higher self esteem & longer, colourful life.

Qurat-ul-Ain Rizwan (O-II (lily)
Warsak Road, Campus

# " Life is better than ever but we still complain about it"

Indeed this is true as well as it applies to all of us because we are living one of the best lives but are still complaining about it and even tend to urge our parents to bring expensive gifts for us without knowing their financial problems. Why we do this? To show off or to fulfil our desires? It's upto everyone themselves but from the core of their hearts they just want to assemble those things that have no importance in their life while forgetting the precious moments they spent. I want you all to focus on this message of mine, and stop complaining about your way of living and status and truly believe that this will bring pragmatic change in your life with rise of positivity and fall of negativity. Moreover, it will help us in making our vicinity peaceful, thus, leading Pakistan to be a country without any cons.

Asna Syed (O-Level III (Tulip)
Warsak Road, Campus